روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 23/اکتوبر 2008ء 23 شوال 1429 ہجری 23/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 242

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حالت موجودہ دنیا کے مطابق گناہوں کی مخالفت:۔

1۔ تو سچ بول اور سچی گواہی دے۔ اگرچہ اپنے حقیقی بھائی پر ہو یا باپ پر ہو یا ماں پر ہو یا کسی اور پیارے پر ہو اور حقانی طرف سے الگ مت ہو۔

2۔ تو خون مت کر۔ کیونکہ جس نے ایک بے گناہ کو مار ڈالا وہ ایسا ہے۔ کہ جیسے اس نے سارے جہان کو قتل کر دیا۔

3۔ تو اولاد کشی اور دختر کشی مت کر۔ تو اپنے نفس کو آپ قتل نہ کر تو کسی قاتل یا ظالم کا مددگار مت ہو۔ تو زنا مت کر۔

4۔ تو کوئی ایسا فعل نہ کر جو دوسرے کا ناحق باعث آزار ہو۔

5۔ تو قمار بازی نہ کر تو شراب مت پی تو سود مت لے اور جو اپنے لئے اچھا سمجھتا ہے۔ وہی دوسرے کے لئے کر۔

6۔ تو نامحرم پر ہرگز آنکھ مت ڈال نہ شہوت سے نہ خالی نظر سے کہ یہ تیرے لئے ٹھوکر کھانے کی جگہ ہے۔

7۔ تم اپنی عورتوں کو میلوں اور محفلوں میں مت لیجو اور ان کو ایسے کاموں سے بچاؤ۔ کہ جہاں وہ ننگی نظر آویں۔ تم اپنی عورتوں کو زیور چھنکاتے ہوئے خوش اور نظر پسند لباس میں کوچوں اور بازاروں اور میلوں کی سیر سے منع کرو اور ان کو نامحرموں کی نظر سے بچاتے رہو۔ تم اپنی عورتوں کو تعلیم دو اور دین اور عقل اور خداترسی میں ان کو پختہ کرو اور اپنے لڑکوں کو علم پڑھاؤ۔

8۔ تو جب حاکم ہو کر کوئی مقدمہ کرے۔ تو عدالت سے کر اور رشوت مت لے اور جب تو گواہ ہو کر پیش ہو تو سچی گواہی دیدے اور جب تیرے نام حاکم کی طرف سے بغرض ادا کسی گواہی کے حکم طلبی کا صادر ہو۔ تو خبردار حاضر ہونے سے انکار مت کیجو اور عدول حکمی مت کریو۔

9۔ تو خیانت مت کر تو کم وزنی مت کر اور پورا پورا تول۔ تو جنس ناقص کو عمدہ کی جگہ مت بدل۔ تو جعلی دستاویز مت بنا اور اپنی تحریر میں جعل سازی نہ کر۔ تو کسی پر تہمت مت لگا اور کسی کو الزام نہ دے۔ کہ جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں۔

10۔ تو چغلی نہ کرے۔ تو گلہ نہ کر۔ تو نمامی نہ کر اور جو تیرے دل میں نہیں۔ وہ زبان پر مت لا۔

11۔ تیرے پر تیرے ماں باپ کا حق ہے۔ جنہوں نے تجھے پرورش کیا۔ بھائی کا حق ہے۔ محسن کا حق ہے۔ سچے دوست کا حق ہے۔ ہمسایہ کا حق ہے۔ ہموطنوں کا حق ہے۔ تمام دنیا کا حق ہے۔ سب سے رتبہ بہ رتبہ ہمدردی سے پیش آ۔

12۔ شرکاء کے ساتھ بدمعاملگی مت کر۔ یتیموں اور ناقابلوں کے مال کو خورد برد مت کر۔

13۔ اسقاط حمل مت کر۔ تمام قسموں زنا سے پرہیز کر۔ کسی عورت کی عزت میں خلل ڈالنے کے لئے اس پر کوئی بہتان مت لگا۔

14۔ رو بخدا ہو اور رو بدنیا نہ ہو کہ دنیا ایک گزر جانے والی چیز ہے اور وہ جہان ابدی جہان ہے۔ بغیر ثبوت کامل کے کسی پر نالائق تہمت مت لگا۔ کہ دلوں اور کانوں اور آنکھوں سے قیامت کے دن مواخذہ ہوگا۔

15۔ کسی سے کوئی جبراً چیز مت چھین اور قرض کو عین وقت پر ادا کر اور اگر تیرا قرض دار نادار ہے تو اس کو قرض بخش دے اور اگر اتنی طاقت نہیں۔ تو قسطوں سے وصول کر۔ لیکن تب بھی اس کی وسعت وطاقت دیکھ لے۔

16۔ کسی کے مال میں لاپرواہی سے نقصان مت پہنچا اور نیک کاموں میں لوگوں کو مدد دے۔

17۔ اپنے ہم سفر کی خدمت کر اور اپنے مہمانوں کو تواضع سے پیش آ۔ سوال کرنے والے کو خالی مت پھیر اور ہر ایک جاندار بھوکے پیاسے پر رحم کر۔

(حیات احمد از حضرت یعقوب علی عرفانی ص 275)

جھوٹ باعث اضطراب ہے

حضرت حسنؓ بن علیؓ فرماتے ہیں کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان اچھی طرح یاد ہے کہ شک میں ڈالنے والی باتوں کو چھوڑ دو۔ شک سے مبّرا یقین پر کاربند ہو جاؤ۔ کیونکہ یقین بخش سچائی اطمینان کا باعث ہے اور جھوٹ اضطراب اور پریشانی کا موجب ہوتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب صفة القیامه حدیث نمبر 2442)

قابل تقلید نمونہ

۞ افریقہ میں ڈاکٹر صاحبان کو وقف کر کے جانے کی تحریک کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 30/اگست 1970ء کے ایک خطاب میں فرمایا:۔

”ہمیں وہاں ایسا ڈاکٹر چاہئے جو ہمیں حساب کے جھمیلوں میں نہ پھنسائے۔ اس وقت تک ان تینوں ڈاکٹروں یعنی کانو میں ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب لیگوس میں ڈاکٹر عمر الدین صاحب سدھو اور یہاں گیمبیا میں ڈاکٹر سعید صاحب نے اس سلسلہ میں بھی بہت ہی اچھا نمونہ دکھایا ہے۔ یہ ہر مہینے کے آخر میں اپنے (مربی) انچارج کو کہتے ہیں کہ اتنی رقم Net Saving کی ہے آپ لے لیں یا میں بھجوا دوں یا اگر اکاؤنٹ کھلا ہوا ہو تو وہ خود وہاں جا کر جمع کروا دیتے ہیں ہم ان سے ایک سرسری سا حساب تو لیتے ہیں لیکن ہمیں یہ فکر نہیں ہوتی کہ یہاں کوئی غیر مخلصانہ اقدام بھی کیا گیا ہوگا وہ اپنی اپنی جگہ بڑے اخلاص سے کام کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزاء عطا فرمائے۔

(احمدی ڈاکٹروں سے بصیرت افروز خطاب)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

احمدی طالبات متوجہ ہوں

۞ وہ تمام احمدی طالبات جنہوں نے بامر مجبوری کسی مخلوط (Co-Education) تعلیمی ادارہ میں داخلہ لینا ہو۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ نظارت تعلیم کے توسط سے حضور پرنور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے باپردہ رہ کر تعلیم حاصل کرنے کی اجازت حاصل کریں وہ طالبات جنہوں نے لاعلمی میں اجازت حاصل نہیں کی اور کسی ایسے ادارہ میں داخلہ لے لیا ہے وہ بھی نظارت تعلیم کے توسط سے اجازت کی درخواست دے سکتی ہیں۔

اسی طرح سیکرٹریان تعلیم سے بھی درخواست ہے کہ وہ بھی اپنی جماعت میں جائزہ لے لیں کہ مخلوط (Co-Education) تعلیمی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والی تمام طالبات یہ اجازت حاصل کر چکی ہیں۔

(نظارت تعلیم)

مشعل راہ

احمدیت یہ انقلابات لے کر آئی ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 26 ستمبر 2003ء میں احمدیوں کے اخلاقی انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ایک واقعہ ہے حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی والدہ کا نمونہ کہ آپ کو کس طرح شرک سے نفرت تھی۔ کہتے ہیں کہ آپ کے بچے اکثر وفات پا جاتے تھے۔ایک دفعہ آپ کا ایک بچہ بیمار ہوا۔ بچے کا علاج کیا گیا۔ایک آدمی تعویذ دے گیا اور ایک عورت نے یہ تعویذ بچے کے گلے میں ڈالنا چاہا۔لیکن بچے کی والدہ نے تعویذ چھین کر چولہے کی آگ میں پھینک دیا اور کہا کہ میرا بھروسہ اپنے خالق و مالک پر ہے۔ میں ان تعویذوں کو کوئی وقعت نہیں دوں گی۔ بچہ دو ماہ کا ہوا تو وہی جے دیوی ملنے کے لئے آئی اور بچے کو پیار کیا اور آپ سے کچھ پارچات اور کچھ رسد اس رنگ میں طلب کی جس سے مترشح ہوتا تھا کہ گویا یہ چیزیں ظفر پر سے بلا ٹالنے کے لئے ہیں۔آپ نے جواب دیا کہ تم ایک مسکین بیوہ عورت ہو۔اگر تم صدقہ یا خیرات کے طور پر کچھ طلب کرو تو میں خوشی سے اپنی توفیق کے مطابق تمہیں دینے کے لئے تیار ہوں۔لیکن میں چڑیلوں اور ڈائنوں کی ماننے والی نہیں۔ میں صرف اللہ تعالیٰ کو موت اور حیات کا مالک مانتی ہوں اور کسی اور کا ان معاملات میں کوئی اختیار تسلیم نہیں کرتی۔ایسی باتوں کو میں شرک سمجھتی ہوں اور ان سے نفرت کرتی ہوں اس لئے اس بنا پر میں تمہیں کچھ دینے کے لئے تیار نہیں ہوں۔ جے دیوی نے جواب میں کہا کہ اچھا تم سوچ لو اگر بچے کی زندگی چاہتی ہو تو میرا سوال تمہیں پورا ہی کرنا پڑے گا۔

چند دن بعد آپ ظفر کو غسل دے رہی تھیں کہ پھر جے دیوی آ گئی اور بچے کی طرف اشارہ کر کے دریافت کیا: اچھا یہی سا ہی راجہ ہے؟ آپ نے جواب دیا: ”ہاں یہی ہے“۔ جے دیوی نے پھر وہی اشیاء طلب کیں۔آپ نے پھر وہی جواب دیا جو پہلے موقع پر دیا تھا۔اس پر جے دیوی نے کچھ برہم ہو کر کہا: ”اچھا اگر بچے کو زندہ لے کر گھر لوٹیں تو سمجھ لینا کہ میں جھوٹ کہتی تھی۔“ آپ نے جواب دیا: ”جیسے خدا کی مرضی ہوگی وہی ہوگا“۔ ابھی جے دیوی مکان کی ڈیوڑھی تک بھی نہ پہنچی ہوگی کہ غسل کے درمیان ہی ظفر کو خون کی قے ہوئی اور خون ہی کی اجابت ہوگئی۔ چند منٹوں میں بچے کی حالت دگرگوں ہوگئی اور چند گھنٹوں کے بعد وہ فوت ہوگیا۔آپ نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کی یا اللہ! تو نے ہی دیا تھا اور تو نے ہی لے لیا۔ میں تیری رضا پر شاکر ہوں۔اب تو ہی مجھے صبر عطا کیجیو۔اس کے بعد خالی گود ڈسکہ واپس آ گئیں۔ (رفقاء احمد جلد 11صفحہ 15-16)

دیکھیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے بھی کتنے انعامات سے نوازا اور چوہدری ظفر اللہ خان صاحب جیسا بیٹا انہیں دیا جس نے بڑی لمبی عمر بھی پائی اور دنیا میں ایک نام بھی پیدا کیا۔

پھر بیعت کرنے کے بعد نفسانی جوشوں سے کس طرح لوگ محفوظ ہو رہے ہیں۔اب اس زمانے کی نہیں میں اس زمانے کی مثال دیتا ہوں اور وہ بھی افریقہ کے لوگوں کی۔افریقہ کے جو Pagan لوگ ہیں ان کے اندر بہت سی گندی رسمیں اور عادتیں پائی جاتی ہیں مگر احمدیت میں داخل ہوتے ہی وہ ان رسموں پر اس طرح لکیر پھیر دیتے ہیں اور اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کر لیتے ہیں جیسے یہ برائیاں کبھی ان میں تھیں ہی نہیں۔ایسی رپورٹیں بھی آئیں کہ شراب کے رسیا ایک دم شراب سے نفرت کرنے لگ گئے اور اس کا دوسروں پر بھی بہت گہرا اثر ہوا۔اور جب وہ اس بات کا تذکرہ کرتے ہیں تو مولوی کہتے ہیں کہ احمدیت نے ان پر جادو کر دیا ہے اور اس وجہ سے انہوں نے شراب چھوڑ دی ہے۔

پھر ایک واقعہ مجھے یاد آیا۔ایک مربی صاحب نے مجھے بتایا۔گھانا میں ہی ایک شخص احمدی ہوا جس میں تمام قسم کی برائیاں پائی جاتی تھیں۔شراب کی بھی، زنا کی بھی، ہر قسم کی۔ وہاں رواج یہ ہے کہ گھروں میں لوگ غربت کی وجہ سے یا رہائش کی کمی کی وجہ سے بڑے بڑے مکان ہوتے ہیں اس میں ایک کمرہ کرائے پر لے لیتے ہیں۔اسی طرح رہنے کا رواج ہے۔تو یہ شخص اسی طرح کے ماحول میں رہتا تھا۔عورتوں سے دوستی تھی لیکن جب احمدیت قبول کی تو سب کو کہہ دیا کہ کسی غلط کام کے لئے میرے پاس نہ آئے۔لیکن ایک عورت اس کا پیچھا چھوڑنے والی نہیں تھی۔اس نے اس پر یہ طریق اختیار کیا کہ جب وہ اسے دور سے دیکھتا تھا تو کنڈی لگا کر فوراً نفل پڑھنا شروع کر دیتا یا قرآن شریف کی تلاوت کرنی شروع کر دیتا تھا، اس طرح اس نے اپنے آپ کو محفوظ کیا۔تو یہ انقلابات ہیں جو احمدیت لے کر آئی ہے۔

(روزنامہ الفضل 6 فروری 2004ء)

مکرم محمد سرور ظفر صاحب زعیم اعلیٰ

مجلس انصار اللہ مغلپورہ لاہور کے خلافت جوبلی پروگرام

راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں کی یاد میں پروگرام

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلے میں مجلس انصار اللہ مغلپورہ لاہور نے یہ پروگرام بنایا کہ صد سالہ خلافت جوبلی کے سال کے ایک پروگرام میں خدا تعالیٰ کی راہ میں قربان ہونے والے احمدیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہئے۔ چنانچہ مورخہ 14 ستمبر 2008ء کو تین مقامات پر ایک جیسے پروگرام کئے گئے۔

پہلا اجلاس

بیت الذکر مغلپورہ لاہور میں بعد نماز عصر مکرم عبدالرشید صاحب صدر حلقہ مغلپورہ لاہور کی زیر صدارت ہوا۔تلاوت و نظم کے بعد مکرم میر عبدالمجید صاحب مربی سلسلہ نے جماعتی قربانیوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

اس کے بعد خاکسار نے قربان ہونے والے افراد کو خراج تحسین پیش کیا۔

آخر پر صدر اجلاس نے مجلس ہذا کی اس کوشش اور سوچ کو سراہا اور چند ایک احمدی شہدا کا ذکر خیر کیا اور خراج تحسین پیش کیا اور دعا کرائی۔

افطاری کے وقت سب حاضرین کی افطاری کرائی گئی اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد افطار ڈنر دیا گیا۔اس پروگرام میں حلقہ جات گنج شمالی، گنج جنوبی اور ساہواڑی کے 53 احمدی افراد نے شرکت کی۔

دوسرا پروگرام

بمقام بیت النور گلشن پارک لاہور میں بعد نماز عصر مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب صدر حلقہ گلشن پارک کی زیر صدارت ہوا۔تلاوت و نظم کے بعد مکرم نصیر احمد قریشی صاحب مربی سلسلہ نے راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں کے واقعات سنائے اور خراج تحسین پیش کیا۔مکرم صدر اجلاس نے مجلس کے اس پروگرام کو سراہا اور داد دی اور راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں کا ذکر خیر کیا اور دعا کرائی۔

مجلس کی طرف سے تمام حاضرین کی افطاری کرائی اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد افطار ڈنر دیا گیا۔ اس پروگرام میں حلقہ جات گلشن پارک کے 90 افراد نے شرکت کی۔

تیسرا پروگرام

بمقام نماز سنٹر تاجپورہ لاہور میں بعد نماز مغرب خاکسار کی زیر صدارت منعقد ہوا پروگرام کے آغاز سے قبل مجلس کی طرف سے تمام حاضرین کی افطاری کرائی اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد افطار ڈنر پیش کیا گیا۔

تلاوت و نظم کے بعد مکرم محمد انوار الحق صاحب نے راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے افراد کا ذکر خیر کیا اور راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے مغلپورہ کے احمدی مکرم مرزا محمد شفیع صاحب کا بھی ذکر کیا اور خراج تحسین پیس کیا۔

مکرم صدر اجلاس نے ملک اور ملک سے باہر راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے احمدی احباب کا ذکر خیر کیا اور بھرپور طور پر خراج تحسین پیش کیا اور دعا کرائی۔اس پروگرام میں حلقہ جات ناصر پارک، طاہر پارک کے 68 افراد نے شرکت کی۔

خلافت سیمینار

مجلس انصار اللہ مغل پورہ لاہور نے مورخہ 28 ستمبر 2008ء کو بیت الذکر مغلپورہ میں خلافت سیمینار منعقد کیا۔تمام حاضرین کی افطاری کرائی گئی اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد سب کو افطار ڈنر دیا گیا اور بعد ازاں پروگرام کا آغاز ہوا۔

پروگرام کا آغاز مکرم عبدالسلام ارشد صاحب نائب ناظم اصلاح وارشاد انصار اللہ ضلع لاہور کی زیر صدارت تلاوت و نظم سے ہوا۔

مکرم سید حسین احمد صاحب مربی سلسلہ نے خلافت کی برکات واقعات کی روشنی میں بیان کیں اور خلفاء کے ایمان افروز واقعات سنائے۔اس تقریر کے بعد حسب پروگرام حلقہ کے چند انصار نے اپنی ذات کے حوالے سے خلافت کی برکات کے حوالے سے واقعات سنائے۔ ازاں بعد مکرم صدر اجلاس نے اپنی ذات کا واقعہ بابت خلافت کی برکات سنایا اور مجلس کے اس پروگرام کو سراہا۔ اس کے بعد خاکسار نے تمام حاضرین مربیان، صدور حلقہ جات، صدر اجلاس نیز مربی سلسلہ کا شکریہ ادا کیا اور مجلس کی کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کی اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی قبولیت دعا کا اپنا ذاتی واقعہ سنایا۔مکرم صدر صاحب حلقہ گلشن پارک نے دعا کرائی اس پروگرام میں 93/افراد نے شرکت کی۔

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔تمام کاروباری احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

وہ کلمات جن کو پڑھنے والا ہر آفت سے نجات پائے گا

حضرت مسیح موعود کی الہامی دعا جس کی تحریک حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے بھی فرمائی ہے

حضرت مسیح موعود کی الہامی دعا

سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود 7 دسمبر 1902ء کو نماز ظہر کے لئے بیت الذکر میں تشریف لائے تو فرمایا:

''رات کو میری ایسی حالت تھی کہ اگر خدا تعالیٰ کی وحی نہ ہوتی تو میرے اس خیال میں کوئی شک نہ تھا کہ میرا آخری وقت ہے۔ ایسی حالت میں میری آنکھ لگ گئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ پر میں ہوں اور وہ کوچہ سربستہ سا معلوم ہوتا ہے کہ تین بھینسے آئے ہیں۔ ایک ان میں سے میری طرف آیا تو میں نے اسے مار کر ہٹا دیا۔ پھر دوسرا آیا تو اسے بھی ہٹا دیا۔ پھر تیسرا آیا اور وہ ایسا پُر زور معلوم ہوتا تھا کہ میں نے خیال کیا کہ اب اس سے مفر نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ کی قدرت کہ مجھے اندیشہ ہوا تو اس نے اپنا منہ ایک طرف پھیر لیا۔ میں نے اس وقت غنیمت سمجھا کہ اس کے ساتھ رگڑ کر نکل جاؤں۔ میں وہاں سے بھاگا اور بھاگتے ہوئے خیال آیا کہ وہ بھی میرے پیچھے بھاگے گا مگر میں نے پھر کر نہ دیکھا۔ اس وقت خواب میں خدا تعالیٰ کی طرف سے میرے دل پر مندرجہ ذیل دعا القا کی گئی۔ رب کل شیء خادمک ...... اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہ اسم اعظم ہے اور یہ وہ کلمات ہیں کہ جو اسے پڑھے گا ہر ایک آفت سے اسے نجات ہوگی۔

ایک آریہ میرے پاس دوا لینے آیا کرتا ہے۔ میں نے اسے یہ خواب سنائی تو اس نے کہا کہ مجھے بھی لکھ دو۔ میں نے لکھ دیا اور اس نے یاد کر لیا۔

نماز مغرب کے بعد حضور نے پھر اسی دعا کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''آج جو خواب میں الہام سے کلمات بتائے گئے ہیں میں نے ارادہ کیا ہے کہ ان کو نماز میں دعا کے طور پر پڑھا جائے اور میں نے خود تو پڑھنے شروع کر دیئے ہیں''۔ (ملفوظات جلد دوم ص 567)

10 دسمبر کو مغرب اور عشاء کے درمیان ''البیت'' میں بیٹھے ہوئے حضرت میر ناصر نواب صاحب صاحب نے حضرت اقدس سے دریافت کیا کہ یہ دعا رب کل شیء والی جو الہام ہوئی ہے اگر اس میں بجائے واحد متکلم کے جمع متکلم کا صیغہ پڑھ کر دوسروں کو بھی ساتھ ملا لیا جائے تو حرج تو نہیں؟ حضرت اقدس نے فرمایا:

''کوئی حرج نہیں ہے''۔

(ملفوظات جلد دوم ص 572)

19 دسمبر 1902ء کو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ مجلس عرفان میں رونق افروز ہوئے تو حضرت مولانا عبدالکریم صاحب نے ایک شخص کا خط پیش کیا جس میں سوال تھا کہ دعا الہامیہ رب کل شیء خادمک (۔) کو صیغہ جمع متکلم میں پڑھ لیا جائے یا نہ۔ حضور نے فرمایا:

اصل میں الفاظ تو الہام کے یہی ہیں (یعنی واحد متکلم) اب خواہ کوئی کسی طرح پڑھ لیوے قرآن مجید میں دونوں طرح دعائیں سکھائی گئی ہیں۔ واحد کے صیغہ میں بھی جیسے رب اغفرلی ...... (نوح:29) اور جمع کے صیغہ میں جیسے ربنا اتنا ...... (البقرہ:202) اور اکثر اوقات واحد متکلم سے جمع متکلم مراد ہوتی ہے جیسے اس ہماری الہامی دعا میں فاحفظنی سے یہی مراد نہیں ہے کہ میرے نفس کی حفاظت کر بلکہ نفس کے متعلقات اور جو کچھ لوازمات ہیں سب ہی آ جاتے ہیں۔ جیسے گھر بار، خویش و اقارب، اعضاء و قویٰ وغیرہ۔

(ملفوظات جلد دوم ص 585)

ایک دن بوقت ظہر فرمایا کہ:

''ہیضہ کے لئے ہم تو نہ کوئی دوا بتلاتے ہیں نہ نسخہ۔ صرف یہ بتلاتے ہیں کہ راتوں کو اٹھ کر دعا کریں اور اسم اعظم رب کل شیء خادمک ...... کی تکرار نماز کے رکوع سجود وغیرہ میں اور دوسرے وقتوں میں کریں۔ یہ خدا نے اسم اعظم بتلایا ہے۔

(ملفوظات جلد 3 ص 426)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تحریک

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 4 اکتوبر 1968ء کو اس دعا کے پڑھنے کی تحریک فرمائی اور اس کے مطالب اور مفاہیم پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ حضور کے خطبہ جمعہ کے چند اقتباسات درج کئے جاتے ہیں۔

''اس دعا میں اللہ تعالیٰ نے سچی توحید اور ربوبیت تامہ کی طرف اشارہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ یہ دعا کیا کرو کہ اے وہ کہ جو ربوبیت کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ اس کے سامان بھی پیدا کرتا ہے اور وہی ہے کہ اس کے ارادوں میں کوئی غیر روک نہیں بن سکتا اور ہر چیز کو اس نے مسخر کیا ہوا ہے وہ اس کام پر لگی ہوئی ہے جس کام پر اللہ رب کریم نے اسے لگایا ہے۔ دنیا میں جس چیز پر چاہو نگاہ ڈالو۔ سورج، چاند اور آسمان کے ستارے۔ درخت جھاڑیاں اور پھولوں کے پودے۔ لعل و جواہر، زمرد، یاقوت، کوئلے کا ٹھیکرا یا چونے کا پتھر یا زمین کے سارے ذرے اور ان ذروں میں چھپی ہوئی ایٹمی توانائی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے مسخر کی ہوئی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی اس تسخیر کے نتیجہ میں وہی کام کرتی ہے جس کا اس کا پیدا کرنے والا رب ارادہ کرے اور جس کا وہ فیصلہ کرے اور یہ خادم رب کسی انسان کو کوئی مضرت اور کوئی دکھ اور کوئی ایذا نہیں پہنچا سکتے جب تک کہ اس کا ارادہ دکھ پہنچانے یا ایذا دینے یا مشقتوں میں ڈالنے کا نہ ہو اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ہر چیز کو انسان کے لئے مسخر کیا گیا ہے اور کام پر لگا دیا گیا ہے۔ یہ تمام اشیاء یہ تمام چیزیں (چھوٹی ہوں یا بڑی) جن کی حقیقت کو ایک حد تک ہم نے سمجھا اور ان کا علم حاصل کیا ہے یا ان کی وہ طاقتیں اور صفات جو ان میں پوشیدہ ہیں اور ہم پر ظاہر نہیں ہوئیں انسان کی خدمت پر لگائی گئی ہیں۔ پس اصل ذات اللہ ہی کی ہے جو انسان کی ربوبیت تو کرنا چاہتا ہے اور اس نے یہ حکم بھی جاری کیا ہے کہ اس کی مرضی کے بغیر کسی شخص کی ترقی (روحانی و جسمانی) میں اس کی پیدا کردہ کوئی چیز روک نہ بنے لیکن بہت سے ایسے بدقسمت انسان بھی ہوتے ہیں۔

جو اپنے ہی کئے کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کو ناراض کر لیتے ہیں اور ہر وہ چیز جسے اللہ تعالیٰ نے اس کی خدمت پر لگایا ہوتا ہے وہی اس کی ایذاء کے درپے ہو جاتی ہے وہ اسے دکھ پہنچانے لگتی ہے۔ اسے زندگی اور حیات سے دور کر دیتی ہے اور اسے نور سے کھینچ کر اندھیروں میں لے جاتی ہے اسے خدا تعالیٰ کی رضا کی جنتوں میں داخل نہیں ہونے دیتی بلکہ شیطان کے پیچھے اسے لگا دیتی ہے اور جہنم کی طرف اس کا منہ کر دیتی ہے۔ جسمانی دکھ اور تکالیف ہوں یا روحانی طور پر ناکامیاں اور نامرادیاں ہوں۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے ارادہ اور منشاء اور اس کے بنائے ہوئے قانون کے مطابق ہی ہوتے ہیں......

غرض اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو ربوبیت تامہ کی خاطر ہر اور ہر انسان کو اس کی استعداد کے مطابق اس کے کمال تک پہنچانے کے لئے اپنی حفاظت میں لے لیتی ہے اور جس وقت اللہ تعالیٰ انسان کو اپنی حفاظت میں لے لیتا ہے اسی وقت اس کے لئے یہ ممکن ہوتا ہے کہ وہ اپنے روحانی اور جسمانی کمالوں تک پہنچے۔ انسانوں کی حفاظت کے لئے یہ ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا ممد و معاون ہو اس لئے فرمایا کہ تم یہ دعا کرو کہ اے ہمارے رب تو ہمیں اپنی حفاظت میں لے لے (اور یاد رکھو کہ اطاعت ہی میں سب حفاظتیں ہیں) اور تیری حفاظت میں وہی آ سکتا ہے جسے تیری مدد اور نصرت مل جائے کیونکہ تیری مدد اور نصرت کے بغیر ایسے سامان پیدا نہیں ہوسکتے کہ انسان کو تیری حفاظت حاصل ہو اور تیری مدد اور نصرت کوئی انسان اپنے زور سے نہیں لے سکتا اس کے لئے ضروری ہے کہ تو اس کی طرف رجوع برحمت ہو تو اسے اپنی رحمتوں سے نوازے۔

غرض اس دعا میں اللہ تعالیٰ نے توحید کا سبق ہمیں دیا اور ربوبیت تامہ کی طرف ہمیں متوجہ کیا اور ہمیں بتایا کہ تمام اشیاء (مخلوقہ) مضرت اسی وقت پہنچاتی ہیں جب اللہ تعالیٰ کا اذن مضرت پہنچانے کا ہو اور تمام نفع مند چیزوں سے انسان صرف اس وقت نفع حاصل کر سکتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کا بھی منشاء ہو کہ وہ ان سے نفع حاصل کرے۔ اس لئے خدا سے یہ دعا کرو کہ اے ہمارے رب مضرتوں سے ہماری حفاظت کر نفع ہمیں پہنچا ہماری نصرت اور مدد کو آ اور ہمیں اپنی رحمتوں سے نواز۔

یہ دعا حضرت مسیح موعود کو الہاماً سکھائی گئی ہے اور آپ نے فرمایا ہے کہ یہ اسم اعظم ہے کیونکہ اس میں ربوبیت تامہ اور سچی توحید کو بیان کرنے اور اس کا اقرار کرنے کے بعد انسان دعا کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور تین بنیادی چیزیں اللہ تعالیٰ سے طلب کرتا ہے۔

1۔ ایک اس کی حفاظت

2۔ ایک اس کی نصرت

3۔ اور ایک اس کی رحمت

اور جو شخص اپنے رب کی ربوبیت کا عرفان رکھتا ہو اور اپنے خادم اور عاشق ہونے کا احساس رکھتا ہو اس کے دل میں ایک تڑپ اور ایک آگ ہو جو ایک عاشق صادق کے دل میں ہوتی ہے اور وہ یہ جانتا ہو کہ اپنے رب سے تعلق قائم کئے بغیر میری زندگی بے معنی اور لایعنی ہے اور وہ یہ سمجھتا ہو کہ میری زندگی کا مقصد صرف اس وقت حاصل ہوسکتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ میرے ساتھ حسن سلوک کرے مجھ پر تین احسان کرے ایک تو وہ میری حفاظت کی ذمہ داری لے لے دوسرے وہ ہر وقت میری نصرت اور مدد کے لئے تیار رہے نیز (3) ہر وقت اپنی رحمتوں سے مجھے نوازتا رہے۔

پس یہ ایک بڑی کامل دعا ہے۔

یہ ہمیں سچی توحید سکھاتی ہے۔ یہ ہمیں بتاتی ہے کہ کوئی مضرت یا کوئی دکھ یا کوئی ایذا ہمیں پہنچ نہیں سکتی نہ انسانوں کی طرف سے اور نہ اشیائے مخلوقہ کی طرف سے جب تک کہ اللہ تعالیٰ کا اذن نہ ہو اور کوئی نفع ہمیں حاصل نہیں ہوسکتا جب تک اس کی مرضی نہ ہو اور آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھتا رہے گا وہ ہر ایک آفت سے محفوظ رہے گا۔ اس لئے میں آج اس دعا کا مختصر مفہوم بیان کرنے کے بعد اپنے دوستوں کو یہ نصیحت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ کثرت کے ساتھ اس دعا کو پڑھیں تا وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آ جائیں تا خدا ہر

وقت ان کے ساتھ ان کی مدد اور نصرت کے لئے کھڑا رہے اور اس کی رحمت ان کو اس طرح گھیر لے جس طرح نور اس چیز کو چاروں طرف سے گھیر لیتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ یہ فیصلہ کرے کہ وہ نور کے ہالہ کے اندر آجائے جس طرح سمندر کی تہہ پانی سے بھری ہوئی ہے اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ کی رحمت انسان کو ڈھانپ لے اور اس کی نصرت اسے مل جائے اور وہ اس کی حفاظت میں آجائے تو نہ کوئی چیز اسے مضرت پہنچا سکتی ہے اور نہ کوئی چیز دکھ دے سکتی ہے۔ نہ کوئی انسان اسے ایذا دے سکتا ہے اور نہ اس کی مخلوقات میں کوئی مخلوق اس کو دکھ دے سکتی ہے صرف اس صورت میں انسان اس کی بنائی ہوئی اشیاء سے اور اس کی مخلوقات سے فائدہ حاصل کرسکتا ہے اور آرام پاسکتا ہے اور صرف اس صورت میں اس کی ربوبیت کامل اور مکمل طور پر اسے حاصل ہوسکتی ہے اور وہ وہ بن سکتا ہے جو خدا اسے بنانا چاہتا ہے یا جس کی استعداد اللہ تعالیٰ نے اسے دی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس دعا کے صحیح مفہوم کے سمجھنے اور اسے التزام کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا کرے۔ اس دعا کے پڑھنے کے بعد جو نتیجہ نکلے جو حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ خلوص نیت کے ساتھ اس دعا کو پڑھنے والے کے حق میں نکلتا ہے یعنی ہر آفت سماوی اور ارضی سے محفوظ ہوجائیں، شیطان کے سب حملے جو ہم پر کئے جائیں وہ ناکام ہوجائیں اور انسان بھی ہمارے فائدہ کے لئے کام کرنے والے ہوں اور مخلوق بھی ہمارے فائدہ کے لئے مسخر نظر آئے۔ آمین

(الفضل 13 مارچ 1971ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 30 مئی 1986ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا:۔

''رمضان کے شروع ہونے سے ایک دو روز پہلے کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک رات مجھے بار بار مسلسل اس دعا کی طرف متوجہ فرمایا۔

رب کل شیءٍ خادمك ......اور یہ نظارہ بار بار میں دیکھتا رہا کہ ابھی کچھ آفات جماعت کے سامنے باقی ہیں۔ ان آفات کو ٹالنے کے لئے میں مختلف دعائیں کرتا ہوں اور کچھ اثر پڑتا ہے اور پھر بھی وہ باقی رہتی ہیں۔ پھر میری توجہ اس طرف مبذول ہوتی ہے کہ رب کل شیءٍ خادمك کی دعا کرنی چاہئے اور جب میں یہ دعا کرتا ہوں تو جس طرح تیزاب سے زنگ دھل جاتا ہے یا صبح صادق سے اندھیرے دھل جاتے ہیں اسی طرح وہ آفات بالکل زائل ہوجاتی ہیں اوران کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا۔

تو چونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ بات صرف اپنے تک محدود رکھنے کے لئے نہیں بلکہ ساری جماعت کو بتانے کی خاطر مجھ پر ظاہر فرمائی ہے اس لئے ...... خصوصیت کے ساتھ اس دعا کا بھی ورد کریں اور حضرت (بانی سلسلہ احمدیہ) نے تو ایک موقع پر یہ فرمایا کہ یہ دعا اسم اعظم ہے اس سے بڑی اور کوئی دعا نہیں ہے جو ہر کیفیت پر حاوی ہو''۔

(ماہنامہ خالد۔ جون 1986ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس

ایدہ اللہ کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 3/اکتوبر 2008ء میں فرماتے ہیں۔

میں ایک دعا کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں، چند دن پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ دشمن کا کوئی منصوبہ ہے، تو میں اس کو حملے سے پہلے ہی بھانپ لیتا ہوں اور اس وقت میں یہ دعا پڑھ رہا ہوں کہ رب کل شیءٍ خادمك رب فاحفظنی وانصرنی وارحمنی اور پڑھتے پڑھتے مجھے خیال آتا ہے کہ اپنے سے زیادہ مجھے جماعت کے لئے دعا پڑھنی چاہئے تو اس میں جماعت کو بھی شامل کروں۔ تو اس حوالے سے میں آپ کو بھی تحریک کرنا چاہتا ہوں کہ احباب جماعت بھی اپنی دعاؤں میں اس دعا کو بھی ضرور شامل کریں، اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر ایک کو بچائے، اور جماعت کی حفاظت فرمائے۔

(الفضل 6/اکتوبر 2008ء)

منظوم ترجمہ

تو دو جہاں کا خالق و پروردگار ہے
ہر چیز اے خدا تیری خدمت گزار ہے
مہتاب آفتاب ستارے ترے غلام
جِنّ و بشر ملائکہ سارے ترے غلام
ہر ذرّہ تیرے حکم سے مستِ وجود ہے
ہر شے میں تیرے حکم کی شانِ نمود ہے
اپنی اماں میں اپنی حفاظت میں رکھ ہمیں
ظلِ کرم میں سایۂ رحمت میں رکھ ہمیں
بندے ہیں تیرے آئے ہیں تیرے حضور میں
نصرت کے خواستگار ہیں جملہ اُمور میں
ہم بے کسوں کے واسطے نُصرت کا حکم دے
ہم عاجزوں کے واسطے رحمت کا حکم دے

جناب سعید احمد اعجاز

☆......☆......☆

مکرم لئیق احمد عاطف صاحب

مکرم ومحترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نوابشاہ

2007ء کے آغاز میں خاکسار کو ایک جماعتی دورے پر نوابشاہ جانے کا موقع ملا۔ خاکسار اپنے ایک عزیز کے ساتھ صبح کے وقت نوابشاہ پہنچا۔ بیت الذکر میں پہنچ کر مکرم منیر احمد صاحب خادم بیت الذکر سے مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر جماعت ضلع نواب شاہ کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہمیں بیت الذکر میں بٹھایا اور کہنے لگے اس وقت امیر صاحب اپنی دکان پر جانے کے لئے تیاری کررہے ہوتے ہیں تاہم میں آپ کی آمد کی انہیں اطلاع کردیتا ہوں۔ وہ قریب ہی امیر صاحب کے گھر گئے اور انہیں اس بارے میں بتایا۔ تھوڑی دیر بعد مکرم امیر صاحب سادہ سا لباس پہنے ہوئے، بڑی بے تکلفی سے آکر ملے اور مکرم منیر صاحب کو کہنے لگے کہ آپ مہمانوں کو چائے وغیرہ پلا کر دکان پر آجائیں میں ابھی تیار ہوکر آتا ہوں۔

تھوڑی دیر بعد مکرم امیر صاحب تشریف لائے اور خاکسار سے تفصیلی گفتگو کی اور دورے سے متعلق تفصیلات دریافت کیں۔ خاکسار نے انہیں بتایا کہ اس دورے کی غرض شہدائے احمدیت کے خاندانوں سے ملاقات کرکے ان کے موجودہ حالات دریافت کرنے ہیں۔ مکرم امیر صاحب نے اسی وقت ضلع نوابشاہ کے شہداء کے خاندانوں سے فون پر رابطہ کیا اور ان سے ملاقات کا وقت حاصل کیا اور انہیں مکمل تعاون کے لئے کہا۔ اس کے بعد خاکسار کو ان خاندانوں کے موجودہ حالات سے متعلق تمام تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دو خاندان جو کہ نوابشاہ شہر میں ہی رہتے ہیں ان سے اسی وقت ملاقات کے لئے وقت لے کر دیا۔

شام کو سکرنڈ شہر میں ایک خاندان سے ملاقات کے لئے جانا تھا۔ مکرم امیر صاحب نے خادم بیت الذکر کی ڈیوٹی لگائی کہ آپ نے مربی صاحب کے ساتھ رہنا ہے اور انہیں وقت پر ساتھ لے کر سکرنڈ جانا ہے۔ شام پانچ بجے ہم سکرنڈ کے لئے روانہ ہوئے، خاکسار جب بس کا کرایہ ادا کرنے لگا تو مکرم منیر صاحب نے یہ کہہ کر کرایہ ادا نہ کرنے دیا کہ مکرم امیر صاحب نے کہا تھا مربی صاحب کو کرایہ ادا نہیں کرنے دینا۔ اور واپسی پر جب امیر صاحب کے پوچھنے پر میں یہ بتاؤں گا کہ کرایہ مربی صاحب نے ادا کیا ہے تو یقیناً وہ بہت ناراض ہوں گے اس لئے کرایہ میں ہی ادا کروں گا۔

جب ہم سکرنڈ پہنچ کر امیر صاحب حلقہ سے ملے تو انہوں نے بتایا کہ مجھے امیر صاحب کے کئی فون آچکے ہیں کہ مربی صاحب کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور واپسی پر انہیں اپنی گاڑی پر بس سٹاپ تک چھوڑ کر جائیں۔

واپسی پر مکرم امیر صاحب حلقہ ہمیں بس سٹاپ پر چھوڑنے آئے اور جب تک ہم بس کا انتظار کرتے رہے اس وقت تک وہ ہمارے ساتھ کھڑے رہے۔ میں نے عرض کی کہ آپ جاسکتے ہیں تو وہ کہنے لگے امیر صاحب کا ارشاد ہے کہ مہمانوں کو بس میں سوار کرنے کے بعد واپس جائیں اس لئے جب تک بس نہیں آجاتی میں واپس نہیں جاسکتا۔

جب ہم واپس نوابشاہ پہنچے تو مکرم امیر صاحب تحریک جدید کے انسپکٹر کے ساتھ (جو کہ دورہ پر آئے ہوئے تھے) ہمارا انتظار کررہے تھے، پھر ہمیں ساتھ لے کر ایک ہوٹل میں کھانے کے لئے گئے مگر اپنے لئے کھانا نہ منگوایا، خاکسار نے عرض کی کہ امیر صاحب آپ؟ کہنے لگے نہیں آپ کھائیں میں نے پرہیزی کھانا کھانا ہوتا ہے۔ مکرم امیر صاحب کھانے کے دوران ہمارے ساتھ تشریف فرما رہے اور جائزہ لیتے رہے کہ کوئی چیز کم تو نہیں ہورہی اور نہایت پرتکلف مہمان نوازی فرمائی۔

کھانے کے بعد مکرم امیر صاحب کافی دیر تک ہمارے ساتھ گفتگو فرماتے رہے اور رات کو آرام کے لئے خود بستر کا انتظام فرمایا اور تمام اشیاء کا انتظام کرنے کے بعد گھر تشریف لے گئے، حالانکہ آپ خادم بیت الذکر کو بھی کہہ سکتے تھے لیکن مرکزی مہمان کے لئے خود انتظامات فرماتے رہے۔

اگلے روز صبح روانگی سے قبل خاکسار نے مکرم امیر صاحب کے بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کیا تو فرمانے لگے: ''شکریہ کی کوئی ضرورت نہیں یہ میرا فرض ہے آپ مرکز کے نمائندہ ہیں۔''

اس مختصر دورے کے دوران مکرم امیر صاحب کی سیرت کے بعض بہت روشن پہلو میرے سامنے آئے۔ مکرم امیر صاحب بہت زیادہ سادگی پسند تھے، آپ کا لباس بہت سادہ مگر نہایت صاف ستھرا ہوتا، آپ بڑے بے تکلف، کم گو اور نہایت درجہ کے مہمان نواز تھے۔ آپ مہمان کی ہر ضرورت کا خیال رکھنے والے، مرکزی نمائندوں اور مربیان کا حد درجہ احترام کرنے والے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنے والے، مرکز کی آواز پر لبیک کہنے والے اور مرکزی نمائندوں سے بھرپور تعاون کرنے والے وجود تھے۔ اللہ تعالیٰ مکرم امیر صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

یکے از تین صد تیرہ رفقاءِ احمد

حضرت شیخ محمد شفیع سیٹھی صاحب ۔ جہلم

حضرت شیخ محمد شفیع سیٹھی صاحب ولد میاں حیات بخش صاحب جہلم شہر کے رہنے والے تھے تقریباً 1863ء میں پیدا ہوئے اور 1893ء میں بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ آپ حضور کے کبار 313 رفقاء میں شامل ہوئے آپ کا نام اس فہرست میں 183 نمبر پر ''میاں محمد صاحب۔ جہلم'' درج ہے آپ بیان کرتے ہیں حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی مجھے اسی نام سے پکارتے تھے سو انھوں نے یہی نام لکھوادیا۔ حضرت سیٹھی صاحب اپنی روایات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

میرا لڑکپن کا زمانہ تھا دریا پر نہانے جایا کرتے تھے، چیچک کا محکمہ شروع ہوا تھا لڑکے آپس میں باتیں کرتے تھے کہ چیچک کے ٹیکے والے مہدی کو ڈھونڈتے ہیں اس کے بازو سے دودھ نکلے گا اور دل سے خون نکلتا ہے۔ میں جب دریا پر نہانے جایا کرتا تو بہتے پانی پر دعا کیا کرتا کہ یا اللہ وہ مہدی اور وہ عیسیٰ جس کے آنے کی خبر ہے کہ دوبارہ آئے گا وہ دکھادے، یہ آواز بہت دفعہ میری زبان سے نکلتی تھی۔ اس سے آگے اور زمانہ گزرا تو ایک مولوی نے میری دکان پر ایک کتاب رکھی، میں نے ان کو کہا کہ دیکھ لوں؟ کہا دیکھ لو! جونہی کھولی تو اوپر کے صفحہ پر چھ سطور میں مہدی کا حلیہ لکھا تھا کہ قد میانہ ہوگا، پیشانی کشادہ ہوگی، بال سیدھے، چشم نیم خواب ایسے بال جیسے حمام سے آئے ہیں۔ اس کے بعد اور زمانہ گزرا تو ہمارے شہر کے مولوی برہان الدین صاحب حضرت مسیح موعود کے پاس قادیان جایا کرتے تھے، مولوی صاحب سے میرا بہت تعارف تھا وہ بھی پہلے اہل حدیث تھے میں بھی اہل حدیث تھا۔ 1891ء میں جب حضرت مسیح موعود نے دعویٰ کیا تو شہر اور آس پاس بہت شور وغل رہا آخر 1893ء میں بات بہت مشہور ہوگئی اور آپ کا دعویٰ بہت شہرت پکڑ گیا۔ ایک دن میں اپنے محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھنے گیا تو پہلی جماعت ہو چکی تھی (آگے پیچھے بھی جاتا تھا) اسی روز حافظ غلام محی الدین سکنہ بھیروی جو کہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے شیر بھائی تھے انھوں نے جماعت کرائی تو ہم تین آدمی مقتدی تھے جب انھوں نے بلند آواز سے قراءت شروع کی تو وہ دونوں میرے دائیں بائیں سے ہٹ گئے، میں نے اختلاف نہ کیا اور ساتھ نماز ادا کرلی، حافظ صاحب موصوف بیعت کرچکے ہوئے تھے۔ جب نماز ادا کر کے میں گھر آیا تو معاً راستہ میں مجھے خیال آیا تو راستے میں ایک آدمی کو کہا کہ میرے ساتھ قادیان چلو نصف کرایہ دیتا ہوں، یہ صاحب میرے قریبی رشتہ دار تھے اس نے کہا مجھے فرصت نہیں۔ معاً خیال آیا کہ جو حضرت مسیح موعود کو مانتے ہیں وہ دلی صفائی سے مانتے ہیں جو انکار کرتے ہیں وہ بڑی بدزبانی سے ماننے والوں کو اور حضرت مسیح موعود کو یاد کرتے ہیں، مجھے خیال آیا کہ میرے دل تو بھی دیکھ کہ تو کدھر ہوتا ہے ماننے والے خوب مانتے ہیں اور لوگوں کی گالیاں سہتے ہیں، نقصان برداشت کرتے ہیں، اس سے پہلے میرا حقیقی بڑا بھائی شیخ قمر الدین قادیان سے ہو آیا تھا مگر بیعت سے محروم رہا لیکن قادیان کی مہمان نوازی کی صفت ضرور کرتا رہا، میں نے دکان کی چابیاں گھر والوں کو دے دیں اور کہا کہ بھائی کو دے دینا وہ دکان لگائیں میرا کہا دینا پار گیا ہے۔ میں ریل میں سوار ہوا، یہ سب واقعہ اسی ایک روز کا ہے دوسرے روز ساڑھے بارہ بجے یا ایک بجے قادیان پہنچ گیا اور بیت مبارک میں گیا جہاں خلیفۃ المسیح الاول اور مولوی عبدالکریم صاحب، حکیم فضل الدین صاحب علاوہ ان کے اور بھی دو چار آدمی تھے، میں نے مولانا عبدالکریم صاحب دیکھے ہوئے تھے مولوی نورالدین صاحب بھی کیونکہ وہ جہلم آتے رہتے تھے، خلیفۃ المسیح الاول نے مجھ سے سب حال دریافت کیا اور نماز ظہر کی انتظار تھی حضرت مسیح موعود تشریف لانے والے تھے اور حضور اندر سے معاً تشریف لائے اور صف کھڑی ہوگئی اور امام مولوی عبدالکریم صاحب تھے حضرت مسیح موعود میری دائیں جانب ایک مقتدی چھوڑ کر کھڑے تھے، بعد نماز حضور سے تعارف ہوا، یہ سب واقعہ 1893ء کا ہے اس روز غالباً جمعرات تھی۔ میں نے جب ان کو دیکھا تو ان کے نورانی چہرہ کو دو منٹ تک بھی نظر بھر نہ دیکھ سکا، یہ ہستی جھوٹ بولنے والی نہیں ہے۔ میرے قادیان جانے کے بعد پیچھے میرے برادر نے دوسرے چچازاد برادر کے ساتھ پروپیگنڈا کیا کہ جب محمد شفیع قادیان سے آئے گا تو اس سے پوچھیں گے تو قادیان کا نام نہ لے گا ہم اسے جھوٹا کریں گے کہ یہی تو وہاں سے سیکھ کر آیا ہے۔ جب میں دو تین روز بعد واپس جہلم آیا اور گھر پہنچا تو اس وقت میں بیعت کر چکا ہوا تھا (میں نے بیعت گول کمرہ میں جمعہ سے پہلے اکیلے حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر کی) جب دکان پر گیا تو جس بھائی کو میں ساتھ قادیان لے جانا چاہتا تھا اس نے مجھے قادیان خط لکھا تھا کہ میرے لئے وہاں دعا کرنا، وہ لفافہ واپس جہلم آ گیا اس خط کے واپس آنے کے باعث میرے بھائی نے پروپیگنڈا کیا کہ خط واپس آ گیا ہے اب محمد شفیع قادیان جانے کے متعلق انکار کرے گا، جب دکان پر آیا قدم رکھتے ہی میرے بھائی نے پوچھا کہ کہاں گیا تھا؟ میں نے صاف قادیان کہا، وہ خاموش ہو گیا اور پروپیگنڈا اپنا بنا بنایا رہ گیا۔ لوگوں میں شہرت ہوگئی کہ ایک بھائی موافق، ایک مخالف ہے۔ پھر میں قادیان گاہ بگاہ جاتا رہا۔ ناواقفیت کے باعث تھوڑا ٹھہرتا رہا، میں نے حضرت صاحب سے اجازت طلب کی تو فرمایا اور ٹھہرو۔ ایک روز حضور سے ملاقات کے لیے گیا تو حضور منزل کی چھت پر تشریف لے گئے وہاں کیا دیکھا کہ دونوں طرف کاغذ قلم دوات ہے، آتے جاتے کچھ نوٹ کرتے ہیں۔ اسی طرح قادیان آنے جانے کا سلسلہ لگا رہا، قصبہ کے مشرقی جانب ڈھاب تھی وہاں ہم وضو کرتے تھے، ایک دن حضور نے سیر کو جاتے قصبہ کے مشرقی جانب ایک مسجد دکھائی فرمایا کہ یہ مسلمان نمبرداروں کی مہربانی سے دھرم سال بنی ہے جس میں وضو کرنے کی جگہ بنی ہے نالی پختہ ہے، کنواں موجود، غسل خانے موجود، وہاں دو سکھ بیٹھے تھے حضور باہر جاتے تو بیت نور کی بڑے بڑ کی جڑوں پر تشریف فرما ہوتے دیگر ساتھی زمین پر بیٹھ جاتے، فرمایا کرتے کہ یہ جنگل منگل بن جائے، یہ قصبہ بیاس دریا تک جائے گا اور بڑے بڑے پیٹ والے جوہری جو بازار کی زینت ہوتے ہیں بڑے بڑے بازاروں میں بیٹھا کریں گے۔

جس روز رفقاء 313 شمار میں آئے تو خاکسار وہیں تھا ہمارے مولوی برہان الدین صاحب بھی وہیں تھے اور بھی بعض جہلم کے لوگوں کے نام 313 میں ہیں چونکہ مولوی صاحب مجھے میاں محمد کے نام سے یاد کرتے تھے یہی نام میرا مولوی صاحب نے لکھوا دیا ویسے میرا پورا نام شیخ محمد شفیع سیٹھی ہے۔ جب مدرسہ احمدیہ والی جگہ میں پہلا یا دوسرا ہوا تو موجودہ خلیفہ صاحب (حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب) نے تقریر فرمائی تو خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا کہ جو معارف قرآن تقریر میں میاں صاحب نے فرمائے مجھے بھی یاد نہیں تھے یہ بچہ کچھ ہو کر رہے گا اور دنیا کو کچھ دکھائے گا۔

جب حضرت مسیح موعود 1903ء میں بمقدمہ کرم دین جہلم تشریف لائے اس روز جمعہ تھا ہماری جماعت نے وسیع پیمانہ پر انتظام کیا ہوا تھا مکانات، کوٹھیاں لی ہوئی تھیں روٹی کھانے والے مہمانوں کی تعداد ساڑھے چار صد تھی، یہ تعداد کھانا کھانے والے احمدیوں کی تھی ویسے کچہریوں میں دیکھنے والے ہزاروں تھے تمام راشن کا انتظام میرے سپرد تھا... جگہ کی قلت کے باعث لوگ درختوں پر چڑھ کر حضور کو دیکھتے رہے ہفتہ والے روز کچہری میں پیشی تھی اگلے روز اتوار تھا حاکم نے حکم دیا کہ فریقین اپنی اپنی جگہ چلے جائیں جو حکم ہوگا سنا دیا جائے گا حضور اتوار کے روز شہر اور بازار سے پیدل ہوتے ہوئے سٹیشن پر تشریف لائے بہت سے لوگوں نے بیعت کی جو اخبار الحکم، بدر میں مندرج ہیں وہ اخبار میرے پاس موجود ہیں۔ جہلم بہت مخالفت رہی لوگوں نے زور لگایا کہ میرے اور میرے بھائی میں نفاق پڑے، میں نے بھائی سے کہا کہ میرے بیٹھے حضرت صاحب کی ہجو نہ کیا کرو میں ان کے متعلق تجھے کچھ نہ کہا کروں گا مگر باز نہ آیا ناچار میں اس سے الگ ہو گیا اس نے مجھے بڑی مالی ضرب لگائی، میرے بچوں کی منگنیاں رکوا دیں مگر میں نے معاملہ خدا کے سپرد کیا۔ زمانہ گذرتا گیا مخالفت بڑھتی گئی میرے بچوں کے رشتے چھینے گئے مگر اللہ نے ہر میدان میں کامیاب ثابت کیا اور خدا نے احمدیوں کے ہاں رشتہ کی تجویزوں کو کامیاب کیا، مخالف پھر رشتے دیتے تھے مگر نہ لیے۔

میں 1917ء میں اپنی دکان جہلم سے منتقل کر کے حافظ آباد گیا۔ میں 1919ء تک وہاں رہا....

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 3 صفحہ 200-196)

آپ نے 22؍اکتوبر 1941ء کو بعمر 78 سال وفات پائی، آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے (وصیت نمبر 4758) لیکن میت قادیان نہ پہنچ سکی اور جہلم کے قبرستان میں دفن ہوئے یادگاری کتبہ بہشتی مقبرہ قادیان میں لگا ہوا ہے۔ آپ کی اولاد میں پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں نام یہ ہیں:

1۔غفور احمد صاحب
2۔فضل الٰہی صاحب
3۔عبدالعزیز صاحب
4۔عبداللطیف صاحب
5۔عبدالسلام صاحب
6 نور بی بی صاحبہ
7۔مریم بی بی صاحبہ اہلیہ مولوی محمد الدین صاحب ایم اے دارالرحمت غربی ربوہ
8۔خورشید بی بی صاحبہ

(نوٹ: حضرت سیٹھی صاحب کے متعلق بعض معلومات ان کے پڑپوتے مکرم شیخ عثمان غفور صاحب سمن آباد لاہور نے فراہم کی ہیں، جزاہ اللہ)

(بقیہ صفحہ 6)

مریضوں کو سوالنامہ بھروانے کے بعد نتائج اخذ کئے اور انکشاف کیا کہ پھیپھڑوں کی بیماری سگریٹ نوشی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور مزید بڑھتی ہے اس کے بعد انہوں نے اپنی تحقیق کا دائرہ پورے ملک تک وسیع کر دیا۔ سر رچرڈ ڈول کا 92 برس کی عمر میں انتقال ہوا آکسفورڈ یونیورسٹی کے وائس چانسلر جان ہڈ کا کہنا ہے کہ سر ڈول کی پھیپھڑوں کے کینسر اور دل کی بیماریوں کے بارے میں تحقیق گزشتہ پچاس سال میں نہ صرف برطانیہ بلکہ پوری دنیا میں تمباکو نوشی میں کمی کی ایک بڑی وجہ ہے ان کا کام پوری دنیا میں قابل قدر نگاہوں سے دیکھا اور تسلیم کیا گیا انہیں دنیا کی 13 طبی یونیورسٹیوں نے اعزازی ڈگری اپنی زندگی میں لاتعداد ایوارڈ اور اعزازات سے نوازے گئے۔ 1962ء میں کینسر پر اعلیٰ تحقیقی خدمات کے اعتراف میں انہیں یونائیٹڈ نیشن ایوارڈ دیا گیا۔ 1972ء میں ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی جانب سے کینسر پر ابتدائی تحقیق پر 10 ہزار امریکی ڈالر کا انعام دیا گیا جب کہ یورپین کینسر سوسائٹی کی جانب سے 2000ء میں گولڈ میڈل دیا گیا۔

(ہفت روزہ مزدور لاہور مئی 2007ء)

(مرسلہ: قریشی محمد کریم صاحب)

ماخوذ

سگریٹ نوشی ۔ پھیپھڑوں کے سرطان کی اہم وجہ

سگریٹ پیجئے.....عمر گھٹائیے

ایک تحقیق کے مطابق سگریٹ پینے سے عام شخص کی عمر میں دس سال کی کمی آ جاتی ہے۔ برٹش میڈیکل جنرل نے اپنی ایک رپورٹ میں اس کا انکشاف کیا جو پچاس سال کی تحقیق پر محیط ہے جس میں 34.439 افراد پر تحقیق کی گئی اس میں شامل سب افراد 1900ء سے 1930ء کے درمیان پیدا ہوئے اور وہ سب ڈاکٹر تھے۔ 1951ء میں سگریٹ نوشی کی عادات کے متعلق سوالات کئے گئے۔ تحقیق کاروں نے اگلے 50 سالوں میں ان کے ساتھ وقفے وقفے سے رابطے کئے اور معلوم کرنے کی کوشش کی کہ ان کی عادتیں تبدیل ہوئیں یا نہیں اور ان لوگوں سے متعلق بھی معلومات حاصل کیں جو اس دوران وفات پا گئے تھے۔ اب انہوں نے ان اعداد و شمار کا تجزیہ کیا تجزیے سے انہیں معلوم ہوا کہ جن افراد نے کبھی سگریٹ نہیں پی تھی وہ سگریٹ پینے والوں کی نسبت اوسطاً دس سال زیادہ جیئے ایک اور بات جو سامنے آئی وہ یہ تھی کہ 70 سال کی عمر کو پہنچنے تک سگریٹ نوشوں کی شرح اموات غیر سگریٹ نوشوں کی نسبت دوگنی تھی۔

حال ہی میں تمباکو نوشی اور پھیپھڑوں کے کینسر کے باہمی تعلق کا انکشاف کرنے والے محقق پروفیسر رچرڈ ڈول کے انتقال کے بعد دنیا بھر میں پھیپھڑوں کا سرطان ایک بار پھر موضوع بحث بن چکا ہے۔ طبی تحقیق سے پھیپھڑوں کے سرطان کی کئی وجوہات سامنے آئی ہیں۔ جن میں تمباکو نوشی سرفہرست ہے اس کے ساتھ ہی ایسے لوگوں میں اس موذی مرض کا ہونا بھی قابل توجہ بن چکا ہے۔ جنہوں نے اپنی زندگی میں سگریٹ کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔ امریکن کینسر سوسائٹی کے مطابق 2006ء میں ایک لاکھ 73 ہزار امریکی پھیپھڑوں کے سرطان کا شکار ہوئے۔ ان میں نئے اور پرانے دونوں سگریٹ نوش شامل تھے۔ جن میں بڑی تعداد جوانوں کی ہے اس طرح یہ سوچ غلط ثابت ہوتی جا رہی ہے کہ پھیپھڑوں کا سرطان صرف بڑھاپے کی ہی بیماری ہے یا 60 سال کی عمر کو پہنچنے تک اگر مسلسل سگریٹ نوشی کی عادت رہے تو اس موذی مرض کے خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ 1974ء سے 1994ء کے دوران ہونے والی تحقیق سے پتہ چلا کہ مردوں کے مقابلے میں زیادہ تر خواتین پھیپھڑوں کے سرطان کا شکار ہوئیں۔ جس میں خطرناک شرح سے اضافہ ہو رہا ہے جبکہ مردوں میں اس مرض کے بڑھنے کی شرح 20 فیصد سالانہ ہے۔ امریکن کینسر سوسائٹی نے اپنی نئی تحقیق میں انکشاف کیا ہے کہ امریکی عورتوں میں موت کا سب سے بڑا سبب پھیپھڑوں کا سرطان ہے۔ اس رپورٹ میں سرطان سے ہلاک ہونے والی امریکی خواتین کے اعداد و شمار کچھ یوں تھے۔ پھیپھڑوں کے سرطان سے 73020 چھاتی کے سرطان سے 40410 بیضہ دانی کے سرطان سے 16210، رحم کے سرطان سے 3710 اور 3670 خواتین جلد کے سرطان سے ہلاک ہوئیں۔ پھیپھڑوں کے سرطان کا شکار ہونے والی خواتین میں 10 سے 15 فیصد ایسے کیس بھی تھے۔ جنہوں نے اپنی زندگی میں کبھی ایک سگریٹ تک نہیں جلائی تھی۔ سگریٹ نہ پینے والوں میں پھیپھڑوں کے سرطان نے موجودہ تحقیق کو ایک نئی شکل دے دی جس کے بعد اب طبی ماہرین سگریٹ کے دھوئیں اور مختلف قسم کی زہریلی گیسوں سے آلودہ ماحول کو اس موذی مرض کا ذمہ دار قرار دے رہے ہیں۔

سگریٹ نوشی نہ کرنے والی خواتین میں پھیپھڑوں کے سرطان کی بڑھتی ہوئی خطرناک شرح پر دنیا بھر میں ہونے والی حالیہ تحقیق سے مختلف طبی نظریئے سامنے آئے ہیں، وینس کینس یونیورسٹی کے ماہرین کے مطابق چونکہ خواتین کے پھیپھڑے سائز میں مردوں کی بہ نسبت چھوٹے ہوتے ہیں۔ اس لئے سگریٹ کے دھوئیں یا ماحولیاتی آلودگی کے ذریعے سرطان پیدا کرنے والا زہریلا مادہ (CarcInogens) سانس کے ذریعے پھیپھڑوں کے اندر پہنچتا ہے جہاں ٹشوز میں یہ اپنی جگہ بناتا رہتا ہے اور بالآخر پھیپھڑوں کا سرطان ہو جاتا ہے، کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ خواتین میں (CarcInogens) سے (DNA) کو پہنچنے والے نقصان کی مرمت کرنے کی قدرتی صلاحیت بھی نسبتاً کم ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے پھیپھڑوں کا سرطان مردوں کی نسبت عورتوں میں تیزی سے پھیل رہا ہے، دواؤں میں سٹیرائڈز کا استعمال بھی پھیپھڑوں کے سرطان کی ایک بڑی وجہ قرار دیا جا رہا ہے۔

مذکورہ نظریات کی روشنی میں وہ عادی سگریٹ نوش نہ صرف بذات خود اس موذی مرض کو دعوت دے رہے ہیں۔ بلکہ ان کی سگریٹ سے نکلنے والا دھواں اردگرد بیٹھے ہوئے لوگوں کو موت کے سائے میں دھکیل رہا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اگر کسی کا شریک حیات سگریٹ پینے والا ہو تو اس کے ساتھی کو پھیپھڑوں کے سرطان کے امکانات تین گنا زیادہ ہو جاتے ہیں جس کی وجہ اس کا سگریٹ زدہ ماحول میں رہنا ہے۔

یورپی یونین بھی سگریٹ نوشی کی حوصلہ شکنی کرنے کے لئے ایسی تصاویر کا اجراء کر رہی ہے جن کو دیکھ کر امید کی جا رہی ہے کہ سگریٹ نوشوں کی ایک بڑی تعداد خوف زدہ ہو کر سگریٹ نوشی ترک کرنے پر آمادہ ہو جائے گی۔ ان تصاویر میں جن پر کینسر زدہ پھیپھڑوں کے عکس دکھائی دے رہے ہیں۔ جو وارننگ کے ساتھ سگریٹ کی ڈبیوں پر شائع کیا جائے گا۔ یورپین یونین میں شامل ملکوں کو بھی کہا جا رہا ہے کہ وہ سگریٹ بنانے والی کمپنیوں کو ان تصاویر کو سگریٹ کی ڈبیوں پر شائع کرنے کے لئے مجبور کریں۔

ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ہر سال پچاس لاکھ سے زیادہ انسان تمباکو نوشی کے باعث موت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس سے مرنے والوں کی تعداد دنیا بھر میں ایچ آئی وی سے ہونے والی اموات سے زیادہ ہے، نئے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک میں تمباکو کو استعمال کرنے والوں کی تعداد میں کمی واقع ہو رہی ہے جبکہ ترقی پذیر ملکوں میں پہلے سے زیادہ لوگ تمباکو کے نشہ میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ جن میں لڑکیوں کی تعداد بھی خوفناک حد تک بڑھ رہی ہے۔

پوری دنیا کے لوگ پھیپھڑوں کے سرطان جیسے عفریت سے بچنے کی تدابیر جاننا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے ڈاکٹر حضرات سب سے پہلے جس سے پرہیز کرنے کا مشورہ دیتے ہیں وہ ہے تمباکو نوشی............

سگریٹ نوشی ترک کر کے ہی اس کے خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے، دوسرے سگریٹ نوشی سے بالواسطہ طور پر متاثر ہونے سے بچا جائے۔ گھر میں جراثیم کش گیس یا دیگر گھریلو اشیاء سے ریڈیائی یا دوسری گیسوں کا اخراج چیک کیا جائے جس کی مسلسل بو پھیپھڑوں پر اثر انداز ہو کر انہیں نقصان پہنچا سکتی ہے۔ سگریٹ نوشی کے بعد آلودہ ماحول میں موجود زہریلی گیس پھیپھڑوں کے کینسر کی دوسری بڑی وجہ قرار دی گئی ہے۔

یورپ میں پھیپھڑوں کے سرطان سے ہلاک ہونے والوں پر طبی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ان میں 9 فیصد ایسے لوگ شامل تھے جو ایسے ماحول میں رہتے یا کام کیا کرتے تھے جہاں ان کی سانس میں آلودہ گیسیں جاتی تھیں۔ ان میں سے بیشتر افراد کوئلے سے تیار ہونے والی مصنوعات، گیس مصنوعات یا دیگر کیمیکل بنانے والے اداروں میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ جس نے انہیں پھیپھڑوں کے سرطان میں مبتلا کر دیا، اس موذی مرض کا پتہ انہیں اس وقت چلا جب وہ موت کے دہانے پر پہنچ چکے تھے۔

2002ء میں امریکہ نے 116 شہروں سے تعلق رکھنے والے 5 لاکھ باشندوں پر ہونے والی تحقیق میں یہ بات ثابت ہوئی کہ ان میں پھیپھڑوں کے سرطان کے زیادہ امکانات اس لئے تھے کہ وہ سگریٹ پینے والوں کے ساتھ رہتے تھے۔

ڈاکٹروں کے مطابق اس مرض کا سب سے اہم منفی و تاریک پہلو یہ ہے کہ ایک لمبے عرصے تک ان مریضوں میں اس موذی مرض سے متعلق علامات ظاہر نہیں ہوتیں۔ جس کا اندازہ اس رپورٹ سے کیا جا سکتا ہے جس کے مطابق امریکہ میں صرف 15 فیصد ایسے مریض تھے جن کو ابتدائی مرحلے میں تشخیص کیا جا سکا باقی مریضوں کو اس وقت علم ہوا جب پانی سر سے اونچا ہو چکا تھا ڈاکٹر اس مرض کا مکمل علاج دریافت کرنے کے لئے بہت پرامید ہیں۔ لیکن موجودہ صورت حال میں وہ اس مرض کی ابتدائی تشخیص پر زور دے رہے ہیں تاکہ مرض کا بروقت علاج کر کے مریض کو بچانے کے امکانات میں اضافہ کیا جائے، جاپان میں پھیپھڑوں کا سرطان ایک تہائی کی نسبت سے کم ہے جس کی بنیادی وجہ غذا ہے جاپانی اپنی غذا میں مچھلی، سویابین اور گرین ٹی زیادہ استعمال کرتے ہیں جاپان میں کینسر سینٹر نے 2002ء میں جاپانیوں کی غذائی عادات کا مشاہدہ کیا جس سے پتہ چلا کہ جو لوگ زیادہ مچھلی کھاتے ہیں ان میں پھیپھڑوں کے سرطان کے امکانات انتہائی کم پائے گئے جس کی بنیادی وجہ مچھلی کے گوشت میں پایا جانے والا (Polyunasturated fatty acid) ہے جو سرطان کے امکانات کو رد کر دیتا ہے ورزش نہ کرنا اور غذائی بے احتیاطی بھی دنیا میں پھیپھڑوں کے سرطان کا باعث ہو رہا ہے۔

